10284 ـ صحراء میں ملنے والی بکری کا کیا کرے

سوال

مجھے صحراء میں ایک گمشدہ بکری ملی ہے میں اس کا کیا کروں خاص طور پرجب میں اس کا مالک ملنے تک اسے رکھوں تومجھے اس کے چارے وغیرہ کا خرچہ کرنا پڑے گا اوریہ بھی ہوسکتا ہے اس کا مالک ملے ہی نہ ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

الحمدللہ

جب کسی کوگمشدہ بکری ملے توبہتر یہ ہے کہ وہ اس کی قیمت کا اندازہ لگا کراسے ذبح کرکے کھا لے ، یا پھراسے بیچ کراس کی قیمت اپنے پاس محفوظ کرلے ، یا پھر اسے پہچان کی مدت تک اپنے پاس رکھے ـ

گمشدہ بکری کونہ پکڑنا اوراسے ویسے ہی چھوڑ دینا اسے ہلاک کرنے کے مترادف ہے ، اگرتو اس کا مالک آجائے وہ اسے واپس لے جائے گا یا پھر اس کی قیمت حاصل کرلے گا اوراگر مالک نہیں آتا تووہ بکری اسی کی ہے جس نے اسے پکڑا ہو ـ .